عمر رسیدہ ڈرائیورز کے تجدیدی پروگرام میں ترامیم

اونٹاریو کے عمر رسیدہ ڈرائیورز پروگرام کا مقصد، عمر رسیدہ افراد کو اس وقت تک ڈرائیونگ میں معاونت فراہم کرنا ہے جب تک وہ بحفاظت گاڑی چلا سکتے ہیں۔

جب ڈرائیور کی عمر 80 سال ہوجائے تو اسے چاہئے کہ وہ ہر 2 سال بعد:

1. اپنی آنکھوں کا معائنہ کروائے
2. ڈرائیور ریکارڈ جائزے کی تکمیل کرے
3. گروپ ایجوکیشن کی نشست میں شرکت کرے
4. معلومات کا ٹیسٹ دے
5. ضرورت پڑنے پر روڈ ٹیسٹ دے۔

اس کاروائی میں تقریباً ساڑھے تین گھنٹے کا وقت صرف ہوتا ہے۔ عمر رسیدہ ڈرائیورز کے لیے لائسنس کی تجدید کی فیس، پانچ سالہ تجدید کی قیمت کے شرح تناسب سے چالیس فیصد ہوتی ہے اور مندرجہ بالا کاروائی کے کوئی اضافی اخراجات نہیں ہوتے۔

وزارت ٹرانسپورٹ (MTO)، جدید ترین دستیاب وسائل کا استعمال یقینی بنانے کے لیے اس پروگرام کا جائزہ لے رہی ہے تاکہ سڑک پر تحفظ کو فروغ دیا جا سکے اور موثر طریقے سے ان عمر رسیدہ ڈرائیورز کی شناخت کی جا سکے جو اب بحفاظت گاڑی چلانے کے قابل نہیں۔

ہمارے جائزے سے ثابت ہوا ہے کہ اس نتیجے تک پہنچنے کے لیے بہتر اور آسان طریقہ کار موجود ہے۔ 21 اپریل، 2014 سے شروع ہونے والے اس نظام میں، لائسنس کی تجدید کروانے والے عمر رسیدہ ڈرائیوروں کو:

1. اپنی آنکھوں کا معائنہ کروانا ہوگا
2. ڈرائیور ریکارڈ جائزے کی تکمیل کرنی ہوگی
3. گروپ ایجوکیشن کی مختصر نشست میں شرکت کرنی ہوگی
4. کمپیوٹر استعمال کیے بغیر، دو مختصر ان کلاس اسکریننگ اسائنمنٹ مکمل کرنے ہوں گے
5. ضرورت پڑنے پر روڈ ٹیسٹ دینا ہوگا۔

اس کاروائی میں تقریباً 90 منٹ صرف ہوں گے۔ عمر رسیدہ افراد کو معلوماتی ٹیسٹ کے لیے پڑھائی کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

براہ مہربانی یہ ذہن میں رکھیں کہ یہ نیا طریقہ کار بطور تجدیدی پروگرام برقرار رہے گا۔ موجودہ قانونی لائسنس منسوخ نہیں کیے جائیں گے تاہم اپنے لائسنس کی تجدید کروانے سے قبل آپ کو تمام شرائط پوری کرنا ہوں گی۔

اگر نئے پروگرام کے حوالے سے آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہے، تو براہ مہربانی Ontario.ca/seniordriver پر جائیں یا 1-800-396-4233 یا GTA: 416-235-3579 پر کال کریں۔

جنوری 2014